**Fazil / Tausif**

**12-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نیتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج گاندھی نگر میں جرمن چانسلر **Friedrich Merz** سے وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج شام نئی دلّی میں ''وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ **2026**'' کے اختتامی جلسے میں بھی شرکت کریں گے۔

3- اِسرو، **DRDO** کا زمین کا مشاہدہ کرنے والے مصنوعی سیارچے **EOS - N1** یا **Anvesh** اور **15** دیگر سیارچوں کو آج صبح سری ہری کوٹہ سے خلا کیلئے روانہ کرے گی۔

4- بھارت نے، قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت میں اضافے کے مقصد سے، ترقی پذیر ملکوں کی مدد میں عالمی سطح پر تعاون دینے کیلئے کہا ہے۔

5- ایران میں، ملک گیر مظاہروں کے خلاف کی جانے والی کارروائی میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد **538** ہوگئی ہے۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، میزبان بھارت نے وڈودرا میں تین میچوں کی سریز کے پہلے **ODI** میں نیو زیلینڈ کو **4** وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Meet German Chancellor

وزیر اعظم نریندر مودی آج احمد آباد میں جرمن چانسلر **Friedrich Merz** سے ملاقات کریں گے۔ جناب مودی جناب **Merz** کے ساتھ احمد آباد میں سابرمتی آشرم جائیں گے اور بین الاقوامی پتنگ فیسٹیول میں شرکت کریں گے۔
اِس کے بعد وہ گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں دن میں سوا گیارہ بجے سے دوطرفہ سرگرمیاں انجام دیں گے، جن کے دوران وہ اور جرمن چانسلر، بھارت-جرمن دفاعی شراکت داری میں کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیں گے جس کے، حال ہی میں **25**

سال پورے ہوئے ہیں۔

ایک رپورٹ

**V/C -Aparna Khunt**

جرمنی کے وفاقی چانسلر **Friedrich Merz**، وزیرِ اعظم نریندر مودی کی دعوت پر بھارت کے دو روزہ اہم سرکاری دورے کیلئے آج احمد آباد پہنچے ہیں۔ یہ اِس ملک کا اُن کا پہلا دورہ ہے، جس سے بھارت-جرمن تعلقات میں ایک اہم باب کا آغاز ہو رہا ہے، کیونکہ دونوں رہنماؤں کو بہت سے شعبوں میں تعاون میں اضافہ کرنے کی تیاری کرنا ہے۔ دوطرفہ تبادلۂ خیال میں تجارت، سرمایہ کاری اور اعلیٰ ٹکنالوجی پر توجہ دی جائے گی نیز دفاع، ماحول کیلئے سازگار مستقل ترقی اور سائنس و تحقیق کے میدانوں میں اہم شراکت داری کو آگے بڑھانے پر بھی توجہ دی جائے گی۔ اِس کے علاوہ دونوں رہنماء علاقائی اور عالمی معاملات کے منظرنامے پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے اور سرکردہ صنعتکاروں سے براہِ راست بات چیت کریں گے۔

پتنگ فیسٹیول میں **50** ملکوں کے **135** اور پورے بھارت، نیز گجرات کے **900** سے زیادہ پتنگ باز حصہ لیں گے۔

احمد آباد سے اَپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM Youth Day

آج نوجوانوں کا قومی دن ہے۔ یہ دن سوامی وویکانند کے یومِ پیدائش کے موقع پر منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں ''وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ **2026**'' کے اختتامی جلسے میں شرکت کریں گے۔ وہ بین الاقوامی، بیرونِ ملک بھارتی آبادی کی نمائندگی کرنے والے نوجوان مندوبین کے ساتھ ساتھ بھارت کے تقریباً **3** ہزار نوجوانوں سے بات چیت کریں گے۔

منتخب شرکاء وزیرِ اعظم کے سامنے اپنے **10** موضوعاتی حتمی پرزنٹیشن دیں گے، جس میں نوجوانوں کی قیادت والے منظرناموں اور قومی اہمیت کے بنیادی میدانوں پر نظریات کا اظہار کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران وزیرِ اعظم ''وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ **2026**'' کیلئے مرتب کیے گئے مضامین کا اجراء کریں گے۔ یہ مضامین بھارت کی ترقیاتی ترجیحات اور طویل مدّتی ملک کے تعمیراتی مقاصد کے بارے میں ہیں، جو نوجوان شرکاء نے تحریر کیے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Anupam**

وِکست بھارت نوجوان رہنماؤں کے مذاکرات کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے۔ یہ ایک قومی پلیٹ فارم ہے، جسے بھارت کے نوجوان اور قومی قیادت کے درمیان منظم بات چیت کے مقصد سے تیار کیا گیا ہے۔ وِکست بھارت نوجوان رہنماؤں کے مذاکرات، ایک لاکھ نوجوانوں کو بغیر کسی سیاسی وابستگی کے،

سیاست میں شامل کرنے کے، وزیرِ اعظم کے یومِ آزادی کے اعلان کے مطابق ہے۔ اِس پلیٹ فارم کا مقصد نوجوانوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جس پر وہ وِکست بھارت ایک حقیقت کے موضوع پر اپنے نظریات پیش کر سکیں۔ اِن مذاکرات کا انعقاد 9 سے 12 جنوری کے درمیان کیا جا رہا ہے، جس میں ملک بھر کے 50 لاکھ سے زیادہ نوجوان شرکت کر رہے ہیں۔

اِن نوجوانوں کو اِن کی صلاحیتوں کی بنیاد پر کافی زیادہ باریک بینی کے ساتھ تین مرحلوں میں چُنا گیا ہے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ISRO PSLV - C62

بھارت کی، خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO، آج صبح 10 بجکر 17 منٹ پر PSLV - C62 / EOS - N1 مشن خلا میں بھیجے گی۔ یہ مشن سری ہری کوٹہ میں ستیش دھون خلائی مرکز سے روانہ کیا جائے گا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Ashish**

یہ PSLV کی 64 ویں پرواز ہے، جو بھارت کا سب سے زیادہ قابلِ اعتبار اور کامیاب راکٹ ہے۔ یہ مشن NewSpace India لمیٹڈ بھیج رہی ہے۔ یہ نویں تجارتی مشن کی نمائندگی کرتا ہے، جس کا مقصد زمین کا مشاہدہ کرنے والے ایک مصنوعی سیارچے کی تعمیر کرنا اور اُسے خلا میں بھیجنا ہے۔ یہ راکٹ بنیادی طور پر EOS - N1 یا Anvesha سیارچے کو ساتھ لے کر جائے گا، اس کے علاوہ یہ راکٹ بھارتی اور بین الاقوامی صارفین کے 15 سیارچوں کو بھی خلا میں لے جائے گا۔ دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے Anvesh سیٹلائٹ اس طرح تیار کیا ہے کہ اس میں تصویریں لینے کی جدید ترین صلاحیت موجود ہے، جس سے بھارت، اپنے دشمن کے ٹھکانوں کا پوری باریکی کے ساتھ پتہ لگا سکے گا۔

دفاعی سیارچوں کے علاوہ یہ مشن ایک اور وجہ سے بھی تاریخی نوعیت کا حامل ہے کہ بھارت کا خلا سے متعلق پرائیویٹ شعبہ بھی اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ ایسا پہلی بار ہے کہ بھارت کی کوئی واحد پرائیویٹ کمپنی Dhruv Space ، جو حیدرآباد میں قائم ہے، اِس مشن میں 7 مصنوعی سیارچے بھی روانہ کر رہی ہے۔

آشیش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Shubhanshu Youth Appeal

خلا باز شوبھانشو شکلا نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ چاہے وہ انسانی خلائی پرواز کے مشنز ہوں یا زندگی کے دیگر شعبے، اپنے خوابوں کو صرف خیالات تک محدود نہ رکھیں، بلکہ اِس کو پورا کرنے کیلئے عملی قدم اُٹھائیں اور اِس کیلئے اجتماعی طور پر کام کریں۔

گروپ کیپٹن شکلا نے کل دلّی چھاونی میں نیشنل کیڈٹ کور NCC کے یومِ جمہوریہ کیمپ کا دورہ کیا اور کیڈٹس سے بات چیت کی۔ انہیں ملک کے مستقبل کا معمار قرار دیتے ہوئے خلا باز نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ چند ناکامیوں کو اپنی شناخت نہ بننے دیں اور زندگی میں جو اہداف طے کریں، ان کے حصول کے لیے مسلسل محنت کرتے رہیں۔

بعد میں انہوں نے کچھ صحافیوں سے بھی گفتگو کی اور بالخصوص بھارتی نوجوانوں سے اپنی توقعات کا اعادہ کیا، خاص طور پر ایسے وقت میں جب بھارت نے 2047 تک وکست بھارت بننے کا ایک پرعزم ہدف مقرر کررکھا ہے۔×

Rev. Joshi Irena

بھارت نے ترقی پذیر ملکوں کو قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت بڑھانے میں مدد کیلئے بین الاقوامی تعاون کی ضرورت پر زور دیا ہے، تاکہ ترقیاتی اہداف پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو۔ یہ بات نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے کل متحدہ عرب امارات کے شہر ابوظہبی میں منعقدہ 16 ویں IRENA اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

وزیر موصوف نے کہا کہ عالمی سطح پر توانائی کی منتقلی کیلئے بے مثال سرمایہ کاری اور تعاون درکار ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صرف بھارت کو ہی 2030 تک تقریباً 300 ارب امریکی ڈالر کی ضرورت ہوگی، جس سے قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، توانائی ذخیرہ، گرین ہائیڈروجن، بجلی کے گرڈز اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں بڑے مواقع پیدا ہوں گے۔

جناب جوشی نے کہا کہ بھارت اپنے تجربات، اداروں اور تکنیکی مہارت کو دیگر رکن ملکوں کے ساتھ مشترک کرنے اور سبھی کے ساتھ قریبی تعاون کرنے کیلئے تیار ہے۔ وزیر موصوف نے ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے فروغ کیلئے حکومت کی مختلف اسکیموں کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

انہوں نے کہا کہ پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت، 2 سال سے بھی کم عرصے میں تقریباً 25 لاکھ گھراوں کو چھت پر شمسی تنصیبات کا فائدہ پہنچایا جاچکا ہے، جبکہ مارچ 2027 تک 1 کروڑ کنبوں کو شامل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ جناب جوشی نے کہا کہ پی ایم کُسُم اسکیم کے تحت تقریباً 21 لاکھ 70 ہزار کسانوں کو ڈیزل پمپ کی جگہ سولر پمپ فراہم کرنے اور زرعی فیڈرز کو شمسی بنانے کے ذریعے فائدہ پہنچایا گیا ہے۔×

Pargati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015 میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی

ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔
یہ پلیٹ فارم امداد باہمی پر مبنی وفاقیت کی ایک بہترین مثال ہے، جو مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک ہی ڈیجیٹل انٹرفیس پر یکجا کرتا ہے۔
گزشتہ ایک دہائی کے دوران، پرگتی نے فیصلہ سازی کے عمل کو تیز کرنے، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بننے والے مسائل کے حل اور جوابدہی کی مضبوط ثقافت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔
آج، اِس خصوصی سیریز میں ہم وزارت صحت اور خاندانی بہبود کے تحت آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، ناگپور کے قیام پر ایک نظر ڈال رہے ہیں۔

**VC - Saklen**

*آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، ناگپور کو مہاراشٹر کے مشرقی حصے میں کلیدی اہمیت کے حامل ایک صحت ادارے کے طور پر قائم کیا گیا ہے، جس کا مقصد وِدربھ خطے اور ناگپور شہر کیلیے جدید طبی خدمات کی فراہمی کو مضبوط بنانا ہے۔ اِس پروجیکٹ کا آغاز 7 اکتوبر 2015 کو ہوا اور اِسے صحت کے بنیادی ڈھانچے کے ایک بڑے پروجیکٹ کے طور پر لیا گیا، جس کیلیے منظور شدہ لاگت 1 ہزار 577 کروڑ روپے تھی۔*
*خطے میں صحت عامہ کیلیے اِس کی اہمیت کوتسلیم کرتے ہوئے، اِس پروجیکٹ کا جائزہ 30 اگست 2017 کو پرگتی نظام کے تحت وزیرِ اعظم نریندر مودی نے لیا۔عمل درآمد کے دوران، پانی کی نکاسی کے نظام سے متعلق مسائل سامنے آئے، جنہیں مختلف محکموں کے درمیان مربوط کوششوں کے ذریعے حل کیا گیا۔*
*مرکوز نگرانی اور عمل درآمد سے متعلق چیلنجز کو بروقت حل کرتے ہوئے، اِس پروجیکٹ نے 100 فیصد فیزیکل پیش رفت حاصل کی اور 30 دسمبر 2021 کو مکمل ہوا۔ AIIMS ناگپور کا قیام اور اُس کا کامیاب طور پر کام کاج کرنا، مہاراشٹر کے عوام کیلیے وزیرِ اعظم کے پختہ عزم اور عالمی معیار کی صحت کی سہولیات تک رسائی میں علاقائی عدم توازن کو درست کرنے کی عکاسی ہوتی ہے۔*
*یہ ادارہ وِدربھ کو ایک ترقی یافتہ، خودکفیل اور مواقع سے بھرپور خطہ بنانے کے وزیرِاعظم کے وسیع تر نظریے کی علامت ہے۔ AIIMS ناگپور بنیادی طور پر وِدربھ خطے کی صحت کی ضروریات پوری کرتا ہے، جس کی آبادی تقریباً 2 کروڑ 30 لاکھ ہے۔ اِس کے علاوہ ناگپور ضلع کی تقریباً 46 لاکھ 53 ہزار آبادی بھی اِس سے مستفید ہوتی ہے۔*
*ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ...........*

[Iran Protest Death Toll]

ایران میں، ملک گیر مظاہروں پر، جو کارروائی کی جا رہی ہے، اُس میں مرنے والوں کی تعداد 538 تک جا پہنچی ہے۔ امریکہ میں قائم انسانی حقوق سے متعلق سرگرمیوں کی خبر ایجنسی نے بتایا کہ جو لوگ ہلاک ہوئے ہیں، اُن میں 490

مظاہرین اور 48 حفاظتی دستوں کے اہلکار شامل ہیں۔ اُس نے خبردار کیا ہے کہ مرنے والوں کی تعداد بڑھنے کا امکان ہے۔ ایجنسی نے یہ بھی کہا ہے کہ ابھی تک 10 ہزار 600 سے زیادہ لوگوں کو حراست میں لیا جا چکا ہے۔

ایران میں، انٹرنیٹ اور فون لائن منقطع کر دی گئی ہے۔ لہٰذا بیرونِ ملک مظاہروں کی شدّت کا اندازہ لگانا اور بھی مشکل ہو گیا ہے۔ ایران کی حکومت نے اِن مظاہروں میں ہلاک ہونے والوں کی مجموعی تعداد نہیں بتائی ہے۔

اسی دوران ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قلی باف نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ اِن مظاہروں کے سلسلے میں اسلامی جمہوریہ پر حملہ کرتا ہے، تو امریکی فوج اور اسرائیل بالکل جائز نشانے ہوں گے۔ جیسا کہ امریکہ نے اِن حملوں کی دھمکی دی ہوئی ہے۔×

Cricket ODI

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت نے کل رات گجرات کے وَڈودرا میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ کو 4 وکٹ سے شکست دی۔ جیت کیلئے 301 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے بھارت نے 49 اوورز میں 6 وکٹ پر 306 رن بنائے۔ کپتان روہت شرما کے 26 رن پر جلد آؤٹ ہوجانے کے بعد، وِراٹ کوہلی اور شُبھمن گِل نے دوسرے وکٹ کیلئے 118 رن کی اہم ساجھیداری کی۔ گِل نے 71 گیندوں میں 56 رن، جبکہ کوہلی نے 91 گیندوں میں شاندار 93 رن بنائے۔ اِس دوران وِراٹ کوہلی، سچن تیندولکر کے ریکارڈ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے بین الاقوامی میچوں میں سب سے تیز 28 ہزار رن بنانے والے کھلاڑی بن گئے۔

اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ نیوزی لینڈ نے مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹ پر 300 رن بنائے۔

سیریز کا دوسرا میچ بدھ کو راجکوٹ میں، جبکہ تیسرا اور آخری میچ 18 جنوری کو اندور میں کھیلا جائے گا۔×

Cricket WPL

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں، کل رات نوی ممبئی میں گجرات جائنٹس نے ڈیلی کیپٹلز کو چار رن سے ہرایا۔ ڈیلی کیپٹلز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ گجرات جائنٹس نے مقررو 20 اوورز میں 10 وکٹ پر 209 رن بنائے۔ Sophie Devine نے 42 گیندوں میں شاندار 95 رن بنائے۔ ڈیلی کیپٹلز کی طرف سے نندنی شرما نے چار وکٹ، جبکہ Chinelle Henry اور Shree Charani نے دو-دو وکٹ حاصل کیے۔ جواب میں ڈیلی کیپٹلز کی ٹیم 20 اوورز میں پانچ وکٹ پر 205 رن ہی بناسکی۔ لیگ کا پانچواں میچ آج نوی ممبئی میں رائل چیلنجرز بینگلورو اور یو پی واریئرس کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

Vaishnaw Washington Visit

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو، آج امریکہ کی راجدھانی واشنگٹن ڈی سی میں G7 کی اہم معدنیات سے متعلق وزارتی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ یہ وزارتی میٹنگ ایک اہم اجتماع ہے، جس کا مقصد کلیدی

اہمیت کے حامل وسائل کیلئے عالمی سپلائی چین کو محفوظ بنانا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ویشنو نے کہا کہ اہم معدنیات کیلئے محفوظ سپلائی چینز، وِکست بھارت کے نظریے کو حاصل کرنے کیلئے نہایت ضروری ہیں۔

اِس میٹنگ میں جناب ویشنو کی شرکت، امریکی وزیرِ خزانہ Scott Bessent کے حالیہ بیان کے بعد ہورہی ہے، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ آسٹریلیا اور بھارت سمیت کئی دیگر ممالک واشنگٹن میں منعقد ہونے والی G7 مالیاتی وزراء کی میٹنگ میں شامل ہوں گے، جہاں اہم معدنیات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔x

MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''اینٹی بائیوٹکس اور اُن کے مضر اثرات'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، ایمز کے میڈیسن کے سابق سربراہ ڈاکٹر ایس اے شرما اور لیڈی ہارڈنگ اسپتال کے میڈیسن محکمے کے ڈاکٹر انوپم پرکاش کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

PIB Fact Check - News Report

حکومت نے اُس خبر کی تردید کی ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ بھارت اسمارٹ فون بنانے والی کمپنیوں کو سکیورٹی اصلاحات کے تحت اپنا Source کوڈ شیئر کرنے پر مجبور کررہا ہے۔ حکومت نے اِس دعوے کو جھوٹا اور فرضی قرار دیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے حقائق کا پتہ لگانے والے یونٹ نے وضاحت کی ہے کہ حکومت نے اسمارٹ فون مینوفیکچررز کو اپنا Source کوڈ شیئر کرنے پر مجبور کرنے کیلئے کوئی تجویز پیش نہیں کی ہے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے موبائل سکیورٹی کیلئے موزوں ترین ضابطہ جاتی ڈھانچہ تیار کرنے کے مقصد سے متعلقہ فریقوں سے صلاح و مشورے کا عمل شروع کیا ہے۔ یہ عمل کسی بھی حفاظتی یا سکیورٹی معیارات کیلئے صنعت کے ساتھ ہونے والی معمول کے مطابق، باقاعدہ مشاورت کا حصہ ہے۔

حکومت نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کسی بھی خبر پر یقین کرنے یا اِسے شیئر کرنے سے پہلے ہمیشہ سرکاری ذرائع سے معلومات کی تصدیق کرلیں۔x

RSS Bhagwat

راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (RSS) کے سربراہ موہن بھاگوت نے کہا ہے کہ RSS اپنے بنیادی اصولوں پر قائم رہتے ہوئے مسلسل ترقی کر رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ سنگھ کے نئی شکلیں اختیار کرنے سے لوگوں کو لگ رہا ہے کہ یہ تبدیلی کے عمل سے گزر رہا ہے، لیکن درحقیقت یہ تبدیلی صرف درجہ بدرجہ ظاہر ہو رہی ہے۔

جناب بھاگوت نے یہ بات نئی دلی میں RSS کے 100 سال مکمل ہونے پر بننے والی فلم 'شتک' کے دو نغموں کا اجرا کرتے ہوئے کہی۔

RSS کے بانی ڈاکٹر کیشو Baliram Hedgewar کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب بھاگوت نے کہا کہ وہ فطری طور پر حب الوطنی کے جذبے سے سرشار تھے اور انہوں نے کم عمری میں ہی ملک کی خدمت کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔

Dr Hedgewar کے بچپن میں ہی اپنے والدین کو کھو دینے سے متعلق کہانی بتاتے ہوئے جناب بھاگوت نے کہا کہ ڈاکٹر Hedgewar کی شخصیت اور اِن کی ذہنی طاقت پر گہرائی سے مطالعہ اور تحقیق کی جا سکتی ہے۔×

IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اتر پردیش میں آج گہرے سے بہت گہرے کہرے کا 'اورنج الرٹ' جاری کیا ہے۔

IMD کے مطابق، ہماچل پردیش، راجستھان اور مغربی اتر پردیش میں آج سرد اور شدید سرد لہر کے حالات رہنے کا بھی امکان ہے۔

موسمیاتی محکمے نے آئندہ 3 سے 4 دن تک دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، پنجاب، راجستھان، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقوں، سکّم اور اتراکھنڈ میں گہرے کہرے کے حالات جاری رہنے کی پیش گوئی بھی کی ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: محمد عمار

شکریہ - نیتیکا

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخباروں نے وزیر اعظم کی جانب سے وائبرنٹ گجرات ریجنل سمٹ، کا افتتاح کیے جانے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی کے طور پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے اس دوران وزیر اعظم کے دیے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ : یہ سمٹ صرف ایک میٹنگ نہیں ہے بلکہ 21 ویں صدی کے بھارت کا بدلتا ہوا چہرہ ہے۔ بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن جائے گا۔ اخباروں نے

وزیر اعظم کے سومناتھ سوابھِمان پَرو کے موقع پر کی گئی تقریر سے متعلق خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر اعظم کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ سومناتھ سوابھِمان پَرو ہزار سالہ سفر کا جشن ہے۔

کیرالہ میں اسمبلی انتخابات سے قبل وزیر داخلہ امت شاہ نے کیا مشن - 2026 کا آغاز: یہ خبر بھی اخباروں میں نمایاں ہے۔

اسرو کے نئے سال کے پہلے مشن کی اُلٹی گنتی کا آغاز: روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت دیگر اخباروں نے بھی اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی ایک اہم سرخی ہے : قومی لوک عدالت میں 1 لاکھ66 ہزار مقدمات کا تصفیہ ۔ ہزاروں لوگوں کو فوری انصاف ملا۔

اخباروں میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران میں احتجاج شدت اختیار کر گیا۔ پاسدارانِ انقلاب کا سخت انتباہ- انٹرنیٹ سروس معطل۔

☆ برطانیہ میں 16 سال سے کم عمر بچوں کے لئے سوشل میڈیا پر پابندی کا مطالبہ۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج گاندھی نگر میں جرمن چانسلر **Friedrich Merz** سے وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج شام نئی دلّی میں ''وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026'' کے اختتامی جلسے میں بھی شرکت کریں گے۔

3- اِسرو، DRDO کا زمین کا مشاہدہ کرنے والے مصنوعی سیارچے **EOS - N1** یا **Anvesh** اور 15 دیگر سیارچوں کو آج صبح سری ہری کوٹہ سے خلا کیلئے روانہ کرے گی۔

4- بھارت نے، قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت میں اضافے کے مقصد سے، ترقی پذیر ملکوں کی مدد میں عالمی سطح پر تعاون دینے کیلئے کہا ہے۔

5- ایران میں، ملک گیر مظاہروں کے خلاف کی جانے والی کارروائی میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 538 ہو گئی ہے۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، میزبان بھارت نے وڈودرا میں تین میچوں کی سریز کے پہلے ODI میں نیو زیلینڈ کو 4 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---